# DAR UL ILM MODEL HIGH SCHOOL HAROONABAD (REGD)

## SYLLABUS CLASS FIVE, FIRST TERM 2026-27

| SUBJECT | SYLLABUS |
|---|---|
| ENGLISH | Unit # 1,2,4 (Summary + translation) |
| Eng. Grammar | Essay: My Father , Hazrat Muhammad ﷺ, Application : Urgent Piece Of Work<br>Story: Strange Hen, Present Continuous Tense<br>Define: Countable, Uncountable , Collective Noun ( Grammar of all Chapters) |
| Math | Unit#1, 2, 6, 9(9.1, 9.2) |
| Computer | Unit #1,2, |
| Science | Unit # 1 A , Unit 1B, Unit #3 (translation + activities also included) |
| Urdu | سبق نمبر6،4،3،1 |
| Urdu. grammar | مضمون: علاقائی زبانیں، مظاہر قدرت، قواعد: ختمہ، سکتہ، وقفہ<br>کہانی: خرگوش اور کچھوا ، درخواست: بیماری کی درخواست |
| Islamiyat | باب دوم (الف) مکمل (ب) سبق نمبر2،1<br>ناظرہ: باب اول آیت الکرسی صفحہ نمبر (4,5) |
| Al - Quran | صفحہ نمبر ( 8,9,15) تعریفیں: حرکات، ملی جلی آوازوں والے حروف اور مد |

## Conversational sentences:

| | |
|---|---|
| Can we work in groups?<br>کیا ہم گروپس میں کام کر سکتے ہیں؟ | I need help with this.<br>مجھے اس میں مدد چاہیے۔ |
| Can I erase the board?<br>کیا میں بورڈ صاف کر سکتا ہوں؟ | Please repeat the question.<br>براہ کرم سوال دوبارہ کہیں |
| Where should I put this?<br>میں اسے کہاں رکھوں؟ | Please speak slowly.<br>براہ کرم آہستہ بولیں۔ |
| I am not sure.<br>مجھے یقین نہیں ہے۔ | What page are we on?<br>ہم کون سے صفحے پر ہیں؟ |
| Can I sit with my friend?<br>کیا میں اپنے دوست کے ساتھ بیٹھ سکتا ہوں؟ | Who will collect the notebooks?<br>نوٹ بکس کون جمع کرے گا؟ |

## Speech:

محترم اساتذہ کرام اور میرے ہم مکتب ساتھیو السلام علیکم !

"مجھے آج جس موضوع پر لب کشائی کا موقع ملا ہے، وہ ہے "یوم مزدور

وہی لوگ پاتے ہیں عزت زیادہ

جو دنیا میں کرتے ہیں محنت زیادہ

یکم مئی ایک ایسا دن ہے جسے پوری دنیا میں یوم مزدور کے طور پر منایا جاتا ہے۔ مزدور کسی بھی معاشرے کی بنیادی اکائی ہوتا ہے۔ اس کی محنت اس معاشرے کی بنیادوں کو مضبوط بناتی ہے۔ مزدور ہی وہ ادنی انسان ہے جو اپنے فولادی حوصلوں اور زبردست قوت سے کسی بھی قوم کی کایا پلٹ دیتا ہے۔

میرے دہقاں یونہی ہل چلاتے رہیں میری مٹی کو سونا بناتے رہیں

گیت گاتے رہیں میرے شعلہ بدن چاند میری زمیں پھول میرا وطن

مزدور کو ہر قوم، ہر ملت اور ہر مذہب میں سراہا جاتا ہے۔ یہ وہ محنت کش ہے جس کے دن رات کی کوشش نہ صرف اپنے بچوں کا پیٹ پالنے کا سبب بنتی ہے بلکہ اس ملک کی تعمیر و ترقی میں بھی بنیادی حیثیت رکھتی ہے۔

یکم مئی ہمیں یہ پیغام دیتا ہے کہ اچھی منزل کے حصول میں تقدیر اور موقع سے پہلے جو چیز آتی ہے وہ محنت ہے ہمیں اس دن اپنے ملک، اپنے شہر، اپنے قصبے اور اپنے گاؤں کے ساتھ ساتھ پوری دنیا میں موجود ہر محنت کش کی عظمت کو سلام پیش کرنا ہے۔

## علامہ اقبال نظم :

چاند میری زمیں پھول میرا وطن میرے کھیتوں کی مٹی میں لعل یمن

میرے ملاح لہروں کے پالے ہوئے میرے دہقاں پسینوں کے ڈھالے ہوئے

میرے مزدور اس دور کے کوہ کن چاند میری زمیں پھول میرا وطن

میرے فوجی جواں جرأتوں کے نشاں میرے اہل قلم عظمتوں کی زباں

میرے محنت کشوں کے سنہرے بدن چاند میری زمیں پھول میرا وطن

میری سرحد پہ پہرا ہے ایمان کا میرے شہروں پہ سایہ ہے قرآن کا

میرا اک اک سپاہی ہے خیبر شکن چاند میری زمیں پھول میرا وطن

میرے دہقاں یوں ہی ہل چلاتے رہیں مری مٹی کو سونا بناتے رہیں

گیت گاتے رہیں میرے شعلہ بدن چاند میری زمیں پھول میرا وطن